
# پاکستانی کپڑے خریدتے وقت قیمت کو معیار اور برانڈ سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں: ہر 5 میں سے 3 (60%)پاکستانی کپڑوں کی خریداری کے وقت قیمت کو سب سے اہم سمجھتے ہیں، جو کہ ملک بھر کی اولین ترجیح ہے۔

اس کے برعکس، صرف 4 میں سے 1 پاکستانی (25%)نے معیار کو اہمیت دینے کے حوالے سے بتایا ، جبکہ ہر6% پاکستانی برانڈ یا نئے فیشن کو ترجیح دیتے ہیں۔




معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :3%

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ عام طور پر کپڑوں کی شاپنگ کہاں سے کرنا پسند کرتے ہیں؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**صارفین/ تجارتی**

دیگر

خریداری کی عادات

## پاکستانی کپڑے خریدتے وقت قیمت کو معیار اور برانڈ سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں: ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی کپڑوں کی خریداری کے وقت قیمت کو سب سے اہم سمجھتے ہیں، جو کہ ملک بھر کی اولین ترجیح ہے۔ اس کے برعکس، صرف 4 میں سے 1 پاکستانی (25%) نے معیار کو اہمیت دینے کے حوالے سے بتایا، جبکہ ہر 6% پاکستانی برانڈ یا نئے فیشن کو ترجیح دیتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 15 جولائی 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی کپڑوں کی خریداری کے وقت **قیمت** کو سب سے اہم سمجھتے ہیں، جو کہ ملک بھر کی اولین ترجیح ہے۔ اس کے برعکس، صرف 4 میں سے 1 پاکستانی (25%) نے معیار کو اہمیت دینے کے حوالے سے بتایا، جبکہ ہر 6% پاکستانی برانڈ یا نئے فیشن کو ترجیح دیتے ہیں۔ **قیمت** کو ترجیح دینے کا رجحان دیہی علاقوں کے تعلق رکھنے والے افراد (64%)، خواتین (61%) اور 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد (67%) میں اور بھی زیادہ نمایاں پایا گیا، جو کہ مختلف اہم ڈیموگرافک گروپس سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں اس کی مقبولیت کو ظاہر کرتا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ کپڑوں کی شاپنگ کرتے وقت آپ کی سب سے بڑی ترجیح کیا ہوتی ہے؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 60% جوابدہندگان کے مطابق کپڑوں کی شاپنگ کرتے وقت اُن کی سب سے بڑی ترجیح "قیمت" ہوتی ہے، 25% جوابدہندگان کے مطابق "معیار"، 6% جوابدہندگان کے مطابق "برانڈ" جبکہ 6% جوابدہندگان کے مطابق کپڑوں کی شاپنگ کرتے وقت اُن کی سب سے بڑی ترجیح "نیا فیشن" ہوتی ہے، جبکہ 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ کپڑوں کی شاپنگ کرتے وقت آپ کی سب سے بڑی ترجیح کیا ہوتی ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی –شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج**: دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد (64%) کپڑے خریدتے وقت قیمت کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں، جبکہ شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں یہ شرح 52% پائی گئی۔اس کے برعکس، شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد معیار کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں (شہری 30% بمقابلہ دیہی 22%)اوراس کے ساتھ ساتھ برانڈ اور فیشن کے رجحانات میں بھی اُن کی دلچسپی تھوڑی زیادہ دیکھنے میں آئی، جو کہ دونوں میں 7% رہی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: مرد حضرات اور خواتین کے نتائج کو دیکھا جائے تو اس سے اندازاً لگایا جاسکتا ہے کہ کپڑے خریدتے وقت دونوں کی ترجیحات تقریباً ایک جیسی ہیں، مرد حضرات اور خواتین دونوں کے لیے قیمت سب سے اہم ہے (مرد حضرات میں 59% اور خواتین میں 61%)۔ جبکہ ، معیار کو ترجیح دینے کے حوالے سے شرح مرد حضرات اور خواتین دونوں میں یکساں پائی گئی (دونوں میں 25%)۔ خواتین برانڈ کو تھوڑی زیادہ اہمیت دیتی نظر آئیں، جس کی شرح 7% پائی گئی جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 5% رہی۔ مرد حضرات نے نئے فیشن میں خواتین کے مقابلے میں تھوڑی زیادہ دلچسپی کا اظہار کیا۔ (مرد حضرات 7% بمقابلہ خواتین 5%)۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج**: عمر کے ساتھ ساتھ قیمت کی ترجیح میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا —30 سال سے کم عمر افراد کی %50 شرح قیمت کو ترجیح دیتی ہے، جبکہ 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح بڑھ کر %61 ہو گئی، اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح %67 پائی گئی۔ دوسری جانب، معیار، برانڈ اور نئے فیشن کو ترجیح دینے والے افراد کی شرح میں عمر کے ساتھ کمی ہوئی ہے۔ بڑی عمر کے افراد کی نسبت نوجوان (30 سال سے کم عمر کے افراد) معیار (%29) اور نئے فیشن (%10) کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ نمایاں طور پر، 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں برانڈ کے حوالے سے تیزی سے کمی دیکھنے میں آئی جس کی شرح صرف %1 پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 15th July 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)